

# ملک و قوم کو ترقی و خوشحالی سے ہمکنار کرنے کیلئے سیاحت کی ترقی ناگزیر ہے

## ممتاز صنعتکار جناب انجم رفیق چیئرمین رفیق انجینئرنگ گجرات (رائل فین)

## کا خصوصی پیغام

پاکستان کو ترقی و خوشحالی سے ہمکنار کرنے کیلئے سیاحت کا شعبہ بنیادی کردار ادا کر سکتا ہے اس سلسلے میں یہ بات ذہین نشین کر لینی چاہیے کہ اللہ پاک نے ہمیں ایسی خوبصورت سرزمین عطا فرمائی ہے کہ جس کا چپہ چپہ قدرتی حسن سے مالا مال ہے اور قدرت نے اس سرزمین کو اپنی لازوال نعمتوں سے نواز رکھا ہے اور اس سرزمین پر ہمیں خوبصورت وادیاں، گلیشیرز، حسین و جمیل مقامات' دریاؤں' جھیلوں' ریگستانوں' پہاڑوں' جنگلات اور کُ، بیش و بہا وسائل سے نوازا ہے چاہے وہ آثار قدیمہ والے شہر ٹیکسلا کیکھنڈ رات' موئن جوداڑ وانڈس ویلی سیولائزیشن یا مردان کے تخت بھائی کھنڈرات' بلند و بالا پہاڑوں کی بات ہو رہی ، کے ٹو اور نانگا پربت سرفہرسٹ ہیں جھیلوں کی بات ہو رہی تو سیف الملوک جھیل' بنجوسہ جھیل، کرمبر جھیل' سدپارہ جھیل' رانی گلی جھیل جبکہ وادیوں میں پاکستان مالا مال ہے وادی سوات' وادی نیلم' وادی جہلم اپنی مثال آپ ہیں مزید برآں مینار پاکستان' مزار قائداعظم' بادشاہی مسجد' قلعہ لاہور' ہرن مینار وغیرہ شامل ہیں غرضیکہ پاکستان قدرتی حسن سے مالا مال ہے اور ہمیں چاہیے کہ ہم نیک نیتی کے ساتھ اپنے پیارے وطن پاکستان کو ترقی و خوشحالی سے ہمکنار کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔




جناب انجم رفیق طویل مدت سے اس شعبہ سے وابستہ ہیں اور ملک کے صنعتکاروں میں انہیں خصوصی مقام حاصل ہے اس کے ساتھ ساتھ دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے پیش پیش رہتے ہیں انکی خدمات قابل تحسین ہیں